بسم اللہ الرحمن الرحیم

وضو میں کانوں کا مسح سنتِ مؤکدہ ہے؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

کیا وضو میں کانوں کا مسح کرنا سنت مؤکدہ ہے؟

جواب

جی ہاں! وضو میں کانوں کا مسح کرنا سنتِ مؤکدہ ہے۔

چنانچہ الجوہرۃ النیرہ میں ہے:

”(ومسح الاذنين) هو سنة مؤكدة“

یعنی دونوں کانوں کا مسح کرنا سنتِ مؤکدہ ہے۔ (الجوہرۃ النیرۃ، جلد 1، صفحہ 30، بیروت)

بہارِ شریعت میں ہے: ”پورے سر کا ایک بار مسح کرنا اور کانوں کا مسح کرنا اور ترتیب کہ پہلے مونھ، پھر ہاتھ دھوئیں، پھر سر کا مسح کریں، پھر پاؤں دھوئیں (سننِ وضو میں سے ہے لہٰذا) اگر خلافِ ترتیب وُضو کیا یا کوئی اور سنت چھوڑ گیا تو وُضو ہو جائے گا مگر ایک آدھ دفعہ ایسا کرنا بُرا ہے اور ترکِ سنّتِ مؤکّدہ کی عادت ڈالی تو گنہگار ہے۔“ (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 296، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

واللہ اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم

مجیب: مولانا جمیل احمد غوری عطاری مدنی

فتویٰ نمبر: Web-2353

تاریخ اجرا: 26 ذوالحجۃ الحرام 1446ھ/23 جون 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net